# 2711 ـ كرنسى كى تبديلى

**سوال**

ايك كرنسى سے دوسرى كرنسى ميں تبديل كردہ مال كا حكم كيا ہے؟ مثلا ميں سعودى ريال ميں تنخواہ وصول كرتا ہوں اور اسے سوڈانى ريال ميں تبديل كروا ليتا ہوں، يہ علم ميں ركھيں كہ ايك سعودى ريال تين سوڈانى ريال كے برابر ہے كيا يہ سود تو نہيں ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد للہ.

ايك ملك كى نقد كرنسى كا دوسرے ملك كى نقدى سے تبديل كروانا جائز ہے، اگرچہ جنس كے اختلاف كى بنا پر اس كى مقدار ميں فرق بھى ہو، جيسا كہ سوال ميں مذكورہ مثال ميں بھى بيان ہوا ہے، اس كے جواز كى ايك شرط ہے كہ مجلس ميں ہى كرنسى يا پھر چيك، يا ڈرافٹ كے پيپر وغيرہ اپنے قبضہ ميں كر ليے جائيں تو اس كا حكم بھى مجلس ميں قبضہ كا ہى ہو گا.

اللہ تعالى ہى توفيق بخشنے والا ہے، اللہ تعالى ہمارے نبى محمد صلى اللہ عليہ وسلم اور ان كى آل پر اپنى رحمتيں نازل فرمائے .